Minhaj-ul-Quran International

منہاج القرآن انٹرنیشنل

حوالہ نمبر: NA-19639/12

تاریخ: 20-05-2012

جملہ رُفقاء کرام!

تحریکِ منہاجُ القرآن

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته!

آج سے بتیس سال قبل شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدّ ظلّہم العالی نے تحریک منہاج القرآن کی بنیاد رکھی۔ مصطفوی مشن کی اِس عالم گیر تحریک پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم ﷺ کے اتنے اِحسانات اور اِنعامات و فیوضات ہیں کہ حیطہ اِدراک سے بھی باہر ہیں۔ یہ تحریک گنبدِ خضریٰ کے فیضان کی اَمین ہے اور رواں صدی کی اِس مجددانہ تحریک کا مرکز تاجدارِ کائنات اَحمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کا مہمان خانہ ہے۔ اِس تحریک کو ہمہ وقت حضور نبی اکرم ﷺ اور اَولیاء کرام و صلحاء عظام کی توجہات نصیب ہوتی ہیں، جو اِس کی حقانیت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے حبیبِ مکرم ﷺ کی نوازشات آج بھی بحرِ بے کراں کی طرح تحریک اور اِس کے رفقاء پر موج زن ہیں۔ اِسی سلسلے میں آج میں حضور شیخ الاسلام مدّ ظلّہم العالی کی طرف سے عطاء ہونے والی تازہ ترین مبارک باد آپ تک پہنچانے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں تا کہ مشن کے جملہ رفقاء بھی اِس سعادت میں نہ صرف شریک ہوں بلکہ اُنہیں اِیقان و اِعتماد کی دولت اور مزید پختگی بھی نصیب ہو۔

حضور شیخ الاسلام مدّ ظلّہم العالی نے فرمایا ہے:

> ’’ایسے تمام رُفقاء جو تحریک کے ساتھ پختہ وابستگی رکھتے ہیں اور صدق و اِخلاص اور اِستقامت کے ساتھ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولِ مکرم ﷺ کی رضا کے حصول کے لیے شب و روز مشن کی خدمت میں مصروفِ عمل ہیں؛ عبادات و معاملات اور اَخلاقیات میں اللہ تعالیٰ اور اُس کے حبیبِ مکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا رہتے ہیں، اور میری طرف سے دیے گئے ’منہاج العمل‘ پر کار بند رہتے ہیں؛ فکری و نظریاتی، علمی و عملی بلکہ ہر سطح پر مشن کے فروغ کے لیے اِخلاص وللّٰہیت کے ساتھ کوشاں رہتے ہیں اور اپنی محبت و عقیدت اور وفاداری و اِستقامت کو ہمیشہ برقرار رکھتے ہیں اور اِس پر قائم و دائم ہیں؛ ایسے تمام رُفقاء و وابستگان کو بہت بہت بہت مبارک باد پیش کرتا ہوں۔‘‘

حضور شیخ الاسلام مدّ ظلّہم العالی نے اِس مبارک باد کی تفصیلات کو حکمتاً بیان نہیں فرمایا بلکہ آپ نے تمام رُفقاء کو تاکیدی ہدایت فرمائی ہے کہ کوئی اِس مبارک باد کو اَز خود معنی و تعبیر نہ پہنائے، نہ ہی اس کی جزئیات کی توضیح و تشریح کرنے کی کوشش کرے اور نہ ہی اِس مبارک باد کو زیرِ بحث لایا جائے۔

حضور شیخ الاسلام مدّ ظلّہم العالی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اِس عظیم نوازش و عطاء کے شکرانے کے طور پر ہر رفیق بارگاہِ اِلٰہ میں ایک ایک سو نوافل ادا کرے اور ان کا ثواب تاجدارِ کائنات ﷺ کی بارگاہِ اَقدس میں ہدیتاً پیش کرے۔ کوشش کریں کہ یہ 100 نوافل اپنی سہولت کے مطابق روزانہ کی بنیادوں پر مختلف اَیام میں تقسیم کر کے جتنی جلد ممکن ہو، ادا کر لیں۔

اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو اور حضور شیخ الاسلام مدّ ظلّہم العالی کی زِیرِ سرپرستی صدق و خلوص کے ساتھ مصطفوی مشن کی خدمت بجا لانے اور آپ کی ہدایات کے مطابق قرآن و سنت پر عمل پیرا ہو کر زندگی بسر کرنے کی توفیق عطا فرمائے؛ اور یہ سنگت و رفاقت ہمیشہ برقرار رہے۔ (آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ)

شکریہ

والسلام مع الاکرام

(ڈاکٹر رحیق اَحمد عباسی)

ناظمِ اَعلیٰ

CENTRAL SECRETARIAT:
365-M, Model Town Ext, Lahore, Pakistan Ph:+92-42-111-140-140, 5169111-13 Fax: +92-42-5169114, 5168184
www.minhaj.org e-mail: minhaj365@gmail.com